Australian Government
Department of Home Affairs

# بحریہ ٹریول ڈیکلیریشن

## عمومی جائزہ

آسٹریلیا میں سمندری راستے سے پہنچنے والے مسافروں کو ایک بحری ٹریول ڈیکلیریشن (MTD) جمع کروانے کی ضرورت ہے۔ آپ کو آسٹریلیا کے سفر کے لیے اپنے سمندری جہاز پر سوار ہونے سے پہلے ایک MTD جمع کرانا ہوگا۔ آپ کو جہاز میں سوار ہونے سے پہلے 3 سے 10 دن کے درمیان اپنا MTD جمع کرا دینا چاہیے۔ MTD کو پُر کرتے وقت آپ کو درج ذیل چیزیں کرنی ہوں گی:

- اپنے رابطے کی تفصیلات فراہم کریں، جس میں آسٹریلیا میں رہتے ہوئے آپ کا ایک ای میل پتہ اور رابطہ نمبر شامل ہے
- اپنے COVID-19 ویکسینیشن کے اسٹیٹس کے بارے میں ایک ڈیکلیریشن پُر کریں
- گزشتہ 14 دنوں میں آسٹریلیا پہنچنے سے پہلے اپنی بین الاقوامی سفری سرگزشت کے بارے میں ایک ڈیکلیریشن پُر کریں
- ایک ڈیکلیریشن پُر کریں کہ آپ اُن قرنطینہ اور ٹیسٹنگ کے تقاضوں اور عدم تعمیل کی صورت میں تعزیرات سے واقف ہیں جو اُس ریاست یا علاقے میں لاگو ہوتے ہیں جہاں پر آپ کے جہاز کی آمد ہوگی۔

**نوٹ**: اپنا MTD مکمل کرنے سے پہلے، آسٹریلیا کے لیے دیگر تمام سفری تقاضے چیک کریں۔ سفر کرنے سے پہلے آپ کو جن دستاویزات کی ضرورت ہے اس کی ایک فہرست حاصل کرنے کے لیے ویکسن شدہ مسافروں اور غیر ویکسن شدہ مسافروں کے لیے معلومات ملاحظہ کریں۔

سمندر کے راستے سے آسٹریلیا پہنچنے والے مسافروں کو ڈیجیٹل مسافروں کا ڈیکلیریش (DPD) جمع کرانے کی ضرورت **نہیں ہے**۔

MTD صرف سمندر کے راستے آسٹریلیا پہنچنے والے لوگوں کے لیے ہے۔ اگر آپ ہوائی جہاز کے ذریعے آسٹریلیا پہنچ رہے ہیں، تو اس کی بجائے ڈیجیٹل مسافروں کا ڈیکلیریش (DPD) جمع کرائیں۔

## سزائیں اور نفاذ

آپ کو آسٹریلیا کے سفر کے لیے اپنے سمندری جہاز پر سوار ہونے سے پہلے اپنی ویکسینیشن کے اسٹیٹس کے بارے میں ایک ڈیکلیریشن سمیت جملہ اہم معلومات فراہم کرنے کے لیے بحریہ ٹریول ڈیکلیریشن (MTD) کا استعمال کرنا چاہیے۔ یہ ایک قابل اطلاق تقاضا ہے۔ جو شخص ان تقاضوں کی تعمیل کرنے میں ناکام رہتا ہے، اس پر 30 پینلٹی یونٹس (فی الحال AUD

6,660$) کی دیوانی پینلٹی (جرمانہ) عائد کیا جا سکتا ہے۔ اس کا تذکرہ بائیو سیکیورٹی ایکٹ 2015 کے سیکشن 46 میں کیا گیا ہے۔

**آسٹریلیائی حکومت کو غلط یا گمراہ کن معلومات دینا ایک سنگین جرم ہے۔ اگر جرم ثابت ہوتا ہے تو، اس کی زیادہ سے زیادہ سزا 12 ماہ قید ہے۔**

پبلک ہیلتھ کے آرڈرز کی تعمیل کو نافذ کرنے کے لیے جملہ ریاستیں اور علاقے بھی اپنی سزائیں نافذ کر سکتے ہیں۔ اس میں COVID-19 کی ٹیسٹنگ اور خود ساختہ علیحدگی یا قرنطینہ کے تقاضے شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ داخل ہونے کے بعد صحت عامہ کے احکامات یا دیگر کسی بھی تقاضے کی تعمیل نہیں کرتے ہیں تو، آپ کو سنگین سزاؤں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جس میں قید یا بڑے جرمانے شامل ہیں۔ فوری اطلاع پر (اچانک)جملہ تقاضے تبدیل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضے۔

درج ذیل صورتوں میں آسٹریلیا پہنچنے والے عارضی ویزا حاملین کا ویزا منسوخ کیا جا سکتا ہے، انہیں حراست میں لیا جا سکتا ہے اور ہٹایا جا سکتا ہے:

- اگر وہ آسٹریلیا کی سرحد میں داخلے کے تقاضوں کے مطابق بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ نہیں ہیں
- اگر وہ COVID-19 ویکسین کے لیے آسٹریلیائی حکومت کی جانب سے بیان کردہ کسی طبی ممانعت کا شکار نہیں ہیں
- اگر وہ مستثنیٰ زمرے میں نہیں آتے ہیں یا وہ کسی سفری استثنیٰ کے حامل نہیں ہیں۔

## اپنا ڈیکلیریشن مکمل کریں

آپ MTD آن لائن فارم کا استعمال کر کے اپنا بحریہ ٹریول ڈیکلیریشن (MTD) پُر کر سکتے ہیں۔

آپ کو ایک اکاؤنٹ بنانا ہوگا، جس کی مدد سے آپ ایک ہی جگہ پر اپنے موجودہ اور آئندہ کے ڈیکلیریشنز مینیج کرسکیں گے۔

## اپنا ڈیکلیریشن شروع کرنا

آپ کو MTD کے لیے کسی قسم کی ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں ہے - یہ مفت ہے۔

اپنے ڈیکلیریشن کو شروع کرنے سے پہلے، آپ کے پاس درج ذیل معلومات تیار ہونی چاہییں:

- سمندری جہاز کا نام اور قسم
- روانگی اور آمد کی بندرگاہیں
- درست پاسپورٹ
- آسٹریلیا میں آپ کی آمد سے 14 دن پہلے تک کے تمام بین الاقوامی سفر
- COVID-19 ویکسینیشن کا ریکارڈ یا اس بات کا قابل قبول ثبوت کہ طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی۔

ہر بالغ شخص کو اپنا اعلامیہ مکمل کرنا چاہیے۔ تاہم، 15 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے اُن کے والدین کو ڈیکلیریشن پُر کرنا چاہیے۔ آپ کو اپنے مکمل کردہ ڈیکلیریشن کے ساتھ ایک ای میل موصول ہوگا، جسے آپ پرنٹ یا ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

## راؤنڈ ٹرپ والے سمندری سفر

اگر ایک راؤنڈ ٹرپ والا سمندری سفر آسٹریلیا میں شروع ہوتا ہے اور آسٹریلیا میں ہی ختم ہوتا ہے تو، اس کے مسافروں اور عملے کو بحریہ ٹریول ڈیکلیریشن (MTD) پُر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی، بشرطیکہ وہ اس سمندری سفر کے آغاز میں ہی اس جہاز پر سوار ہو گئے تھے۔ اس میں مقامی سمندری سفر اور آسٹریلیا میں شروع ہونے والے اور ختم ہونے والے بین الاقوامی سمندری سفر شامل ہیں۔

اگر آپ کسی غیر ملکی بندرگاہ سے راؤنڈ ٹرپ والے سمندری سفر میں شامل ہوتے ہیں، تو آپ کو اس سفر میں شامل ہونے سے پہلے ہی اپنا MTD مکمل کرنا ہوگا۔

## سمندری جہاز کے عملے کے لیے معلومات

سمندری سفر والے جہاز پر کام کرنے والے سمندری جہاز کے عملے کو آسٹریلیا کے لیے سمندری جہاز پر سوار ہونے سے پہلے بحریہ ٹریول ڈیکلیریشن (MTD) کو پُر کرنا ہوگا۔ اگر آپ کا سمندری جہاز آسٹریلیا کے اپنے سفر میں ایک سے زیادہ مقامات پر اسٹاپ لے رہا ہے، تو آپ کو صرف اپنی پہلی روانگی والی بندرگاہ سے قبل ہی MTD پُر کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر سمندری جہاز کا انچارج یا جہاز کے عملے کا کوئی رکن اپنے سمندری سفر کے دوران مسافروں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں کرتا ہے اور وہ آسٹریلیا کی حدود میں ہوتے ہوئے اس جہاز سے اترنے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں، تو پھر انہیں MTD جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

تجارتی سمندری جہازوں کے جہاز کے عملے کو MTD مکمل پُر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تجارتی شپنگ والے سمندری جہاز پر سوار ہونے والے تمام مسافروں کے لئے MTD پُر کرنا ضروری ہے۔

آسٹریلیا میں مقامی طور پر کام کرنے والے سمندری جہازوں کے لیے MTD کو پُر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اپنے سمندری جہاز میں شامل ہونے کے لیے **ہوائی جہاز** کے ذریعے آسٹریلیا پہنچنے والے تمام سمندری جہاز کے عملے کو ڈیجیٹل مسافروں کا ڈیکلریش (DPD) پُر کرنا ہوگا، MTD نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ MTD صرف سمندر کے راستے آسٹریلیا پہنچنے والے لوگوں کے لیے ہے۔

## آپ کے بحریہ ٹریول ڈیکلیریشن کا نتیجہ

ایک تکمیل شدہ بحری ٹریول ڈیکلیریشن (MTD) آسٹریلیا میں آپ کے داخلے کی ضمانت نہیں دیتا ہے۔

MTD جمع کروانے کے بعد، آپ کو ایک ای میل موصول ہوگا جسے آپ کو اپنے سمندری جہاز میں سوار ہونے سے پہلے اور آسٹریلیا پہنچنے پر دکھانا ہوگا (یا تو پرنٹ کر کے یا الیکٹرانک طور پر)۔ آپ اپنے MTD اکاؤنٹ میں بھی اس نتیجہ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کا سفر شروع ہونے سے پہلے سمندری جہاز کے آپریٹرز آپ کے MTD کے نتائج کا جائزہ لیں گے۔ آپ کا MTD ذیل میں کسی ایک کے طور پر نتیجہ ظاہر کرے گا:

- **سبز**: آپ نے اپنے ڈیکلیریشن میں جو معلومات درج کی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا اترتے ہیں۔ تاہم پھر بھی آپ کو چیک ان پر اپنی دستاویزات دکھانے ہوں گے۔ سمندری جہاز کے آپریٹرز حتمی فیصلہ کریں گے کہ آپ کو سمندری جہاز میں سوار ہونے دینا ہے یا نہیں۔
- **نیلا**: آپ نے اپنے ڈیکلیریشن میں جو معلومات درج کی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاید آپ آسٹریلیا کے آسٹریلیا میں داخل ہونے کے لیے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا اتر سکتے ہیں، تاہم یہ آپ کے حالات پر منحصر ہے۔ آپ کے جہاز میں سوار ہونے سے پہلے سمندری جہاز کے آپریٹر کو بعض مزید چیزیں چیک کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- **سرخ**: آپ نے اپنے ڈیکلیریشن میں جو معلومات درج کی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ بین الاقوامی سفر کرنے کے لیے آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا نہیں اترتے ہیں۔ آپ اس وقت تک آسٹریلیا میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک کہ آپ کو سفری پابندیوں سے استثنیٰ نہ مل جائے۔ سمندری جہاز کے آپریٹر کو اضافی جانچ پڑتال کرنے اور اس بات کا تعین کرنے کی ضرورت ہوگی کہ آیا آپ اس سمندری جہاز میں سوار ہونے کے قابل ہیں یا نہیں۔

آپ کو اُن تمام ریاستوں اور علاقوں کے سفر اور قرنطینہ سے متعلقہ انتظامات چیک کر لینے چاہیے جن کا سفر کرنے اور جہاں سے ٹرانزٹ کرنے کا آپ ارادہ رکھتے ہیں۔ آسٹریلیا کی ہر ریاست اور علاقے کے تقاضے مختلف ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضے ۔

## سمندری جہاز کے آپریٹرز کے لیے مزید معلومات

کروز جہاز، تجارتی جہاز، سُپر یاچز، یاچز (کشتیوں) اور پلیزر کرافٹ سمیت دیگر سمندری جہاز کے آپریٹرز کے لیے بعض اضافی تقاضے ہیں جن سے اُنہیں آگاہ ہونا ضروری ہے۔ ملاحظہ کریں سمندر کے راستے سے داخل ہونا اور روانہ ہونا۔

## معاونت

اگر آپ کو اپنا MTD مکمل کرنے میں مدد کی ضرورت ہے تو ملاحظہ کریں اکثر پوچھے گئے سوالات۔